15/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

حج-2022 کے عازمین حج کی عمر کی حد کی لازمیت ختم

-لکھنؤ: ۱۵/ دسمبر ۲۰۲۱ء

اتر پردیش ریاستی حج کمیٹی سے موصولہ اطلاع کے مطابق حج کمیٹی آف انڈیا ممبئی کے ذریعہ سرکلر-4 میں حج -2022 کے عازمین حج کیلئے زیادہ سے زیادہ حد 65 برس میں رعایت دینے کی ضمن میں مذکورہ ہدایات کا ذکر کیا گیا ہے۔عمر کی حد کی لازمیت 65 برس کی حد کو ختم کر دی گئی ہے۔ایسے عازمین جو پہلے حج کمیٹی یا پرائیویٹ ٹور کے توسط سے حج پر نہیں گئے ہیں،اور 31 مئی 2022 کو 70 سال یا اس سے زائد عمر کے ہوں،(جن کی پیدائش 31 مئی 1952 کو یا اس سے پہلے کی ہو) اپنے ایک مددگار کے ساتھ ریزروکیٹگری میں درخواست کر سکیں گے۔70 برس کے مددگار کے طور پر ان کے رشتہ داروں میں صرف شوہر/اہلیہ، بھائی/بہن،لڑکا/لڑکی، پوتا/پوتی،نواسا/نواسی، داماد/بہو، بھانجا/جھانجی، بھتیجا/بھتیجی ہی تسلیم کیے جائیں گے۔70 برس سے زائد عمر کا کوئی بھی عازمین حج اکیلا ریزروکیٹگری میں درخواست نہیں کر سکے گا۔ایک کور میں دو 70 سے زائد درخواست کنندگان کے ساتھ دو مددگار ہی درخواست کرسکیں گے۔+70 عازمین یا انکے مددگار کو اکیلے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ کسی وجہ سے +70 عازمین حج کی درخواست منسوخ ہونے پر ان کے مددگار کی درخواست از خود ہی منسوخ مانی جائیگی۔کووِڈ-19 عالمی وبا کے مدنظر عازمین حج سے حج مکمل ہونے تک مخصوص پیمانوں،ضوابط،اہلیت،عمر کی حد اور صحت سے متعلق ضرورات اور سعودی عرب حکومت کی جانب سے جاری پروٹوکال کے تحت حج کا عمل مکمل کیا جائیگا۔

یہ اطلاع اتر پردیش ریاستی حج کمیٹی کے سکریٹری/ایکزیکیٹوافسر جناب راہل گپتا نے دی ہے۔

☆☆☆☆☆